# ریزرو بینک آف انڈیا

www.rbi.rog.in

آر بی آئی2016-2017/290

آئی ڈی ایم ڈی، سی ڈی ڈی                20/اپریل2017

نمبر2759/14.04.050/2016-17

چیئرمین و منیجنگ ڈائریکٹر

سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکس

(آرآر بی کو چھوڑکر)

پوسٹ آفس، اسٹاک ہولڈنگ کارپوریشن آف انڈیا لمیٹیڈ ایس ایچ سی آئی ایل

نیشنل اسٹاک ایکسچنج آف انڈیا لمیٹیڈ و بامبے اسٹاک ایکسچنج لمٹیڈ

جناب / محترمہ

**ساورین گولڈ بانڈس 2017-18 سریز-ا- آپریشنل گائڈلائنس**

جی اوایل نوٹفلکیشن نمبر (۸)۴ (ڈبلو وایم) 2017 اور آر بی آئی سرکلر آئی ڈی ایم ڈی سی ڈی دی نمبر 2760/14.04.050/2016-17 مورخہ اپریل20-2017 کا حوالہ ساورین گولڈ بانڈس 2017-18 سریز،ا، کا حوالہ دیکھیں ایف اے کیو اس سلسلہ میں ہماری ویب سائٹ (www.rbi.org.in) پر رکھ دی گئی ہے۔اسکیم کے متعلق سے آپریشنل گائڈلائن حسب ذیل ہے۔

**۱۔درخواست:**

سرمایہ کاروں کی جانب درخواست فارم شاخوں پر عام بینکنگ وقت میں اپریل24-2017 سے اپریل28-2017 کے درمیان منظور کئے جائیں گے۔رسیونگ آفس کو یقینی کرنا ہوگا کہ درخواست سبھی طریقہ سے مکمل ہے کیونکہ نامکمل درخواست رد کردی جائیں گی۔متعلقہ اضافی تفصیلات اگر لازمی ہوتو عرض گذار سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔رسیونگ آفس بہتر صارف خدمات کے پیش نظر ایسے سرمایہ کار آن لائن درخواست نہیں پیش کرسکتے ان کے لئے مناسب بندوبست کریں۔

**۲۔جوائنٹ ہولڈنگ اور نامنیشن :**

کثیر جہتی جوائنٹ ہولڈرس اور نامنی (پہلے ہولڈر کے) کی اجازت ہے لازمی تفصیل پریکٹس کے مطابق عرض گذار سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**۳۔اپنے صارف کی ضروریات (کے وائی سی) کو جانچیے :**

اپنے صارف (کے وائی سی) کو جانچنے کے ضوابط اسی طرح ہیں جیسا کہ گولڈ خریدنے کے لئے فزیکل فارم کے ضوابط ہوتے ہیں۔ شناختی کارڈ، دستاویزات مثلاً پاسپورٹ، پرمانٹ اکاؤنٹ نمبر (پین) کارڈ، ووٹر شناختی کارڈ، آدھار کارڈ وغیرہ مطلوب ہوں گے۔ صرف نابالغ کے معاملہ میں بینک اکاونٹ نمبر کو کے وائی سی کی جانچ میں جائز مانا جائے گا۔ کے وائی سی کی تکمیل جاری کردہ بینکس/ ایس ایچ سی آئی ایل دفاتر/ پوسٹ آفس/ ایجنٹ کریں گے۔

**٤۔ایپلیکشن رقم پر سود:**

عرضی گذاروں کو موجودہ سیونگ بینک کو سود پیمینٹ کی تصدیق کی تاریخ سے تصفیہ کی تاریخ تک کرنا ہوگی مثلاً اس مدت تک جب وہ فنڈ کے بغیر ہو اس معاملہ عرضی گذار کا بینک اکاؤنٹ رسونگ بینک کے ساتھ نہیں ہوگا۔ عرضی گذار کے ذریعہ فراہم کردہ تفصیل کے مطابق الکٹرانک فنڈ ٹرانسفر کے ذریعہ کریڈٹ کیا جائے گا۔

**٥۔منسوخی:**

ایشو کے بند ہونے تک درخواست کی منسوخی کی اجازت مثلاً اپریل28-2017 تک ہوگی۔ گولڈ بانڈس کو خریدنے کے لئے جمع کی گئی درخواست کو جزوی طور پر منسوخ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر عرضی منسوخ ہوتی ہے تو عرضی کی رقم پر سود ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

**٦۔لین مارکنگ:**

بانڈ چونکہ سرکاری سیکورٹی میں اس لئے لین مارکنگ سرکاری سیکورٹیز ایکٹ2006اور دیگر دفع کردہ قوانین کی قانونی تجاویز کے تحت ہوگی۔

**٧۔ایجنسی بندوبست:**

شیڈولڈ کمرشیل بینکس این بی ایف سی، این ایس کی ایجنٹس اور دیگر کو درخواست جمع کرنے کے لئے اپنی جانب سے مقرر کر سکتے ہیں بینک اس طرح کی انٹیز کے ساتھ کوئی بندوبست یا معاہدہ کر سکتے ہیں۔
کمیشن کی تقسیم سو روپئے پر ایک روپیہ مجموعی فروخت پر ہوگی جو کہ ریسونگ آفس منظور کریں گے۔
ریسونگ آفس منظور شدہ درخواستوں سے حاصل کردہ رقم کا50 فیصد کمیشن حاصل کریں گے اپنے ایجنٹس اور سب ایجنٹس کے ذریعہ کاروبار کیا جاسکتا ہے۔

**٨۔آربی آئی کے ای کبیر سسٹم کے ذریعہ کارروائی:**

ساورین گولڈ بانڈس آر بی آئی کے ای کبیر سسٹم کے تحت شیڈولڈ کمرشیل بینکوں کی شاخوں اور پوسٹ آفسوں پر فروخت کے لئے فراہم ہیں ای، کبیر سسٹم انیفینیٹ یا انٹرنٹ کے ذریعہ معروف عمل ہے۔
رسونگ آفس کو ضرورت ہے کہ ڈاٹا کو درج کریں یا ان کے ذریعہ حاصل کردہ خریداری کی بڑی تعداد میں عرضیوں کو اپ لوڈ کریں۔ انہیں اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ ڈاٹا کی انٹری میں کسی قسم کا نقص نہ پیدا ہو۔
فوری نفریشن انہیں درخواست منظور کرتے وقت ہی فراہم کرانا ہوگا۔ اس کے علاوہ کنفرمیشن اسکرول کو

اپ لوڈ کرانے کے لئے دینا ہوگا جن درخواست کا ڈاٹا ریسونگ آفس پر اپ ڈیٹ نہیں ہوسکا ہے۔

الاٹمنٹ کی تاریخ مئی 12-2017 تک ہولڈنگ سرٹیفیکیٹ کو سول/ پرنسپل ہولڈر کرے نام سے جنریٹ کر دینا ہوگا۔ ریسونگ آفس بھی ہولڈنگ سرٹیفکیٹ کو ڈاؤن لوڈ کر کے پرنٹ آؤٹ لے سکتے ہیں ہولڈنگ سرٹیفکیٹ ای میل کے ذریعہ ان سرمایہ کاروں کو بھیجے جاسکتے ہیں جنہوں نے اپنے ای میل پتے فراہم کرائے ہوں۔ ڈپازیٹرس ریکارڈ سے درخواست میں فراہم کردہ تفصیلات کے میلان کے بعد الاٹمنٹ کے ۲-۳ دنوں میں ڈی میٹ اکاؤنٹ سے سیکورٹیز کریڈٹ کرلی جائے گی۔

**۹۔ہولڈنگ کی پرنٹنگ سرٹیفکیٹ:**

A4 سائز میں ۱۰۰ جی ایس ایم پیپر پر ہولڈنگ سرٹیفکیٹ کو پرنٹ کرانے کی ضرورت ہے۔

**۱۰۔سرویسنگ اور پیش رفت:**

ریسونگ آفس مثلاً شیڈولڈ کمرشیل بینکوں کی شاخوں پوسٹ آفسوں ایس سی ایچ آئی ایل اور اسٹاک ایکسچنج (این اس ای لمٹیڈ اور بی ایس ای) صارف کو "اپنا ئیں گے" اور بانڈ کے سلسلہ میں ان لازمی خدمات مثلاً اب ڈیٹ رابطہ تفصیل، پری میچورئد ادائیگی سے متعلق درخواست فراہم کرائیں گے آفس سے امید کی جاتی ہے کہ اس وقت درخواست کو محفوظ رکھیں جب تک کہ بانڈ میچور اور ری پیڈ نہیں ہوجاتے ہیں۔

**۱۱۔کاروباری اہلیت:**

بانڈس ٹریڈنگ کے لئے آر بی آئی کی نوٹیفائڈ تاریخ کی بنیاد پر اجراء کی پندرہ روز مدت میں فراہم ہوں گے۔ (اس بات پر دھیان دیا جائے کہ ڈپازٹ کرنے والے کے ذریعہ ڈی میٹ پر رکھے بانڈ سے ہی اسٹاک ایکسچنج میں کاروبار کیا جاسکے گا)۔

**۱۲۔رابطہ کی تفصیل:**

معلومات/ وضاحت کے لئے حسب ذیل کو ای میل کیا جاسکتا ہے۔

(الف) ساورین گولڈ بانڈ سے متعلق: برائے مہربانی ای میل بھیجنے کے لئے یہاں کلک کریں۔

(الف) آئی ٹی سے متعلق: ای میل بھیجنے کے لئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

آپ کا مخلص

(شائی سنیل)

ڈپٹی جنرل منیجر